شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16نومبر2024ء

پریس ریلیز

تنظیم اسلامی کا سالانہ اجتماع جمعۃ المبارک 15 نومبر 2024ء کو مرکزی اجتماع گاہ بہاولپور میں بعد نمازِ عصر شروع ہو گیا ہے۔

لاہور(پ ر): تنظیم اسلامی کا سالانہ اجتماع جمعۃ المبارک 15 نومبر 2024ء کو مرکزی اجتماع گاہ بہاولپور میں بعد نمازِ عصر شروع ہو گیا ہے جس میں ملک بھر سے رفقاء اور احباب کثیر تعداد میں شرکت کر رہے ہیں۔ امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے سورۃ العصر کی تلاوت کے بعد حاضرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جو بندوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا، اس لئے یہ میری ذمہ داری ہے کہ میں آپ سب کا شکریہ ادا کروں کہ امیر تنظیم اسلامی کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے، مہنگائی اور دہشت گردی کے طوفان کے علی الرغم رفقاء اور احباب یہاں جمع ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ شکر ادا کرنے والوں کو مزید رحمتیں اور برکتیں عطا فرماتا ہے۔

تنظیم اسلامی کے سینئر رفیق **ڈاکٹر ضمیر اختر خان** نے "قرآن: کتاب ہدایت و انقلاب" کے موضوع پر خطاب کیا۔ نمازِ مغرب کے بعد مطالعہ حدیث میں "دعا کی اہمیت" پر گفتگو معاون شعبہ تعلیم و تربیت سجاد سرور نے کی۔ امیر حلقہ کراچی جنوبی **ڈاکٹر محمد الیاس** نے "سیرت النبی ﷺ سے چند اوراق" کے موضوع پر خطاب کیا۔ بعد ازاں تنظیم اسلامی کے اکابرین **حافظ عاکف سعید** حفظہ اللہ (سابقہ امیر تنظیم اسلامی)، **چودھری رحمت اللہ بٹرؒ**، **انجینئر حافظ نوید احمدؒ** اور **مختار حسین فاروقیؒ** کے بیانات پر مشتمل مختلف کلپس بڑی سکرینوں پر دکھائے گئے۔ نماز عشاء سے قبل پینل گفتگو **"زمانہ گواہ ہے"** پیش کی گی۔

اس سے قبل نمازِ جمعہ کے خطاب میں نائب امیر تنظیم اسلامی **اعجاز لطیف** نے تزکیہ نفس کے موضوع پر تذکیری گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ قرآن پاک کا اسلوب یہ ہے کہ اہم موضوعات کو عام طور پر دو مرتبہ بیان کیا گیا ہے مگر یہ موضوع تین مرتبہ آیا ہے۔ انہوں نے قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں واضح کیا کہ اصل کامیابی دنیا کی زندگی کی کامیابی نہیں بلکہ آخرت کی کامیابی ہے جبکہ دنیا کی زندگی تو دھوکے کے سوا کچھ بھی نہیں۔ موت تو مومن کے لئے تحفہ ہے۔ لوگ موت سے فرار اس لئے بھی چاہتے ہیں کہ وہ رزق کے چکر میں مصروف ہوتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی جان کو اس وقت تک موت نہیں آسکتی جب تک کہ وہ اپنے حصے کا مقرر کردہ رزق پا نہ لے۔ روزی ملنے میں تاخیر ہو جائے تو اللہ کی ناشکری نہیں کرنی چاہیے۔ انسان کو ہر وقت موت کی تیاری کرنی چاہیئے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان